## سوال

(622) وارثوں کو والدہ کے زیور کا کتنا حصہ ملے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسماۃ ہندہ دو ہزار کا زیور وغیرہ جائیداد چھوڑ کر فوت ہوگئی ہے وارث اس کے حسب تفصیل ہیں خاوند ماں، باپ، ایک لڑکا ایک لڑکی بہنیں سات ساس سسر بھتیجا بھائی اس کا فوت شدہ ہے مہربانی کر کے اس کا جواب پرچہ میں تفصیل واردے دیجیئے کہ ہر ایک کو کیا حصہ میں آئے گا۔ علاوہ اس جائیداد کے تین سو اس کا مہر ہے اس کا فتوی بھی دے دیں کہ ہر ایک کو مہر کا کیا حصہ آئے گا؟؟ (ث۔ ا۔ ہ۔ امرتسری)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مہر وغیرہ کل مرحومہ کی جائیداد میں داخل سمجھ کر چوتھا حصہ خاوند کا چھٹا حصہ ماں کا اور چھٹا ہی باپ کا باقی لڑکے اور لڑکی کا لڑکے کو لڑکی سے دگنا صورت یہ ہوگی۔

میت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خاوند 9۔ ماں 6۔ باپ 6۔ لڑکا 10۔ لڑکی 5۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 572